PRESS RELEASE پریس ریلیز (also emailed*/faxed separately)

# رائے عامہ سروے
## موضوع : " سماجی"
## " صنف"

**8 میں سے 6**

# دنیا بھر سے، **14%** جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں گزشتہ ایک سال کے دوران کسی قسم کے جمانی یا نفسیاتی تشدد کا سامنا کرنا پڑا۔ پاکستانیوں کی کم شرح (**6%**) نے بھی ایسے خیالات کا اظہار کیا۔

**(گیلپ & ون ورلڈ سروے 2019)،**


اسلام آباد، 16 مارچ، 2020

ون ورلڈ سروے (سروے کرنے والي کمپنیوں کی ایسو سی ایشن ) کے مطابق ، دنیا بھر میں 14% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں گزشتہ ایک سال کے دوران کسی قسم کے جمانی یا نفسیاتی تشدد کا سامنا کرنا پڑا ۔

یہ پول خواتین کے عالمی دن جو ہر سال 8 مارچ کو منایا جاتا ہے کے اعزاز میں جاری کیے جانے والے پول کی سیریز کا حصہ ہے ۔

دنیا بھر سے 40 ممالک میں 29,368 خواتین و حضرات سے یہ سوال پوچھا گیا تھا کہ، **"گذشتہ 12 ماہ میں کیا آپ کو خدانخواستہ کسی بھی قسم کے تشدد (جمانی یا نفسیاتی تشدد) کو برداشت کرنا پڑا ہے؟"**، اس سوال کے جواب میں 14% جوابدہندگان کے مطابق اُنہیں جمانی یا نفسیاتی تشدد کا سامنا کرنا پڑا ہے، جبکہ 83% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں جسمانی یا نفسیاتی تشدد کا سامنا نہیں کرنا پڑا ہے، تاہم 3% جوابدہندگان نے کسی رائے کا اظہار نہیں کیا۔

"گذشتہ **12** ماہ میں کیا آپ کو خدانخواستہ کسی بھی قسم کے تشدد (جسمانی یا نفسیاتی تشدد) کو برداشت کرنا پڑا ہے؟"




*Source: WIN World Survey 2019*
*Field work in Pakistan conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*


## پاکستان کے نتائج: نسبتاً کم شرح نے تشدد کا سامنا کیا ہے۔

پاکستانیوں کی کم شرح، 6% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں گزشتہ ایک سال میں تشدد کا سامنا کرنا پڑا، جبکہ 88% جوابدہندگان کے مطابق اُنھیں گزشتہ ایک سال میں تشدد کا سامنا نہیں کرنا پڑا۔

*نوٹ: موضوع کی حساسیت اور رسوائی کو مدنظر رکھتے ہوئے، یہ اعداد و شمار ان لوگوں کی اصل تعداد سے بہت کم ہو سکتے ہیں جن کو جنسی طور پر ہراساں ہوتے کا سامنا کرنا پڑا۔*

## دنیا بھر میں جنس کے نتائج کی بنیاد پر:

جنس کے نتائج سے پتہ چلتا ہے کہ گزشتہ ایک سال کے دوران مرد حضرات (12%) کی نسبت خواتین (16%) کے تھوڑے زیادہ تناسب کو تشدد کا سامنا کرنا پڑا۔ خواتین میں، 18 سے 24 سال کی عمر سے تعلق رکھنے والی خواتین میں سے 21% خواتین کا دعوی ہے کہ اُنھیں تشدد کا سامنا کرنا پڑا، 65 سال یا اس سے زائد عمر کی خواتین میں سے 6% خواتین نے تشدد کا سامنا کیا۔ 21% بے روزگار پر خواتین جنسی ہراساں ہوئیں ۔ جو کہ ملازمت پیشہ خواتین کی نسبت زیادہ تناسب ہے ۔




*Source: WIN World Survey 2019*
*Field work in Pakistan conducted by Gallup & Gilani Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association*

**ممالک کے لحاظ سے تجزیہ:**

چلی (35%)، ایران (33%)، ارجنٹائن (33%) اور میکسیکو (32%) میں اُن جوابدہندگان کا تناسب سب سے زیادہ تھا کہ گزشتہ ایک سال میں جسمانی یا نفسیاتی تشدد کا سامنا کرنا پڑا۔ جب کہ انڈونیشیا (1%) اور اٹلی (2%) میں یہ شرح سب سے کم ہے ۔

یہ مطالعہ ڈبلیوڈبلیو ایس (ون ورلڈ وائیڈ سروے) کے سروے کے حصے کے طور پر جاری کیا گیا، یہ سروے ہر سال کیا جاتا ہے جس کا مقصد معاشرے اور کاروبار سے متعلقہ موضوعات سے متعلق لوگوں کے خیالات، توقعات، خدشات کو جان سکیں۔ دنیا بھر سے 40 ممالک سے کل 29،368 افراد سے انٹرویو لیا گیا۔ جو کہ اکتوبر 2019 تا دسمبر 2019 میں منعقد ہوا۔ غلطی کے امکان کا تخمینا شماریاتی طور پر 95% اعتماد کے ساتھ تقریباً 2.4% سے لے کر 4.4% لگایا گیا ہے ۔ گلوبل ایوریج کا تخمینہ سروے منعقد ےکجانے والے ممالک کی بالغ آبادی کے تناسب سے لگایا گیا ہے۔

***Opinion Poll from Gallup & Gilani Pakistan***

*The Pakistani Affiliate of Gallup International*

GILANI RESEARCH FOUNDATION

**Monday, 16 March 2020**

*(2 Pages, Urdu version only)*

***Gilani Research Foundation is a not for profit public service project to provide social science research to students, academia, policy makers and concerned citizens in Pakistan and across the globe.***

*Gilani Research Foundation is headed by Dr. Ijaz Shafi Gilani who pioneered the field of opinion polling in Pakistan and established Gallup Pakistan in 1980. Currently Dr. Gilani, who holds a PhD from the Massachusetts Institute of Technology (MIT) and has taught at leading universities in Pakistan and abroad, is Chairman of Gallup Pakistan.*

*If you have any further questions regarding this poll, please feel free to contact us.*

*Best Regards,*

*Ms. Fatima Idrees*
*Phone: +92-51-2655630*
*E-mail:* fatima.idrees@gilanifoundation.com

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan is not related to Gallup Inc. headquartered in Washington D.C. USA. We require that our surveys be credited fully as Gallup Pakistan (not Gallup or Gallup Poll). We disclaim any responsibility for surveys pertaining to Pakistani public opinion except those carried out by Gallup Pakistan, the Pakistani affiliate of Gallup International Association. For details on Gallup International Association see website: www.gallup-international.com*

***Disclaimer:*** *Gallup Pakistan and Gilani Research foundation are a nonpartisan fact tank and think tank respectively. As a neutral source of data and analysis, both organizations do not take policy positions.*

Daily Gilani Poll
2020

celebrating 40 years of Gallup Pakistan (1980-2020)